CODE-47

دستخط نگران کار

Booklet Serial No.

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (مطالعات ترجمہ)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات، مئی 2026

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

**Time: 2hrs** **Maximum Marks: 70**

## امیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر اُمیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر لکھیں۔ امیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر کسی اور جگہ نہ لکھیں۔
2. یہ سوال نامہ (**28**) صفحات پر مشتمل ہے۔ امیدوار امتحان دینے سے پہلے سوالنامہ چیک کریں۔ کسی بھی تضاد کی صورت میں، نگران کار کی جانب سے ایک نیا سوالنامہ فراہم کیا جاسکتا ہے۔
3. سوال نامہ حصہ A اور حصہ B پر مشتمل ہے۔ حصہ A میں 50 متعدد انتخابی سوالات (MCQ) ہیں، ہر ایک میں چار آپشنز ہیں۔ امیدوار صحیح جواب کا انتخاب کریں اور OMR شیٹ پر نیلے یا سیاہ بال پوائنٹ قلم کا استعمال کرتے ہوئے متعلقہ دائرے کو نشان زد کریں۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ OMR شیٹ میں متعلقہ سوال نمبر کے سامنے صحیح جواب پر صحیح طریقے سے نشان نہ ہونے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، اگر کسی سوال کے لیے ایک سے زیادہ آپشن نشان زد کیے گئے ہیں تو اس سوال کے لیے کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔
4. حصہ دوم چار وضاحتی سوالات پر مشتمل ہے، ہر سوال کے لیے 5 نمبر ہیں۔ جوابات صرف 8 صفحات پر مشتمل دیے گئے جوابی پرچے میں ہی لکھیں جائیں۔ کوئی اضافی جوابی پرچہ جاری نہیں کیا جائے گا۔
5. کوئی منفی نشانات نہیں ہیں۔
6. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر، امیدواروں کو اجازت ہے کہ وہ اپنا سوال نامہ لے جائیں۔ OMR شیٹ اور جوابی پرچہ نگران کار کے حوالے کردیں۔

***

CODE-47

# Part A
## Section 1 – Research Methodology

**نوٹ:** بعض سوالات کے جوابات ترجیحی طور پر درستگی کے معیار کو مد نظر رکھتے ہوئے دیے گئے ہیں۔ لہٰذا، اگر کسی سوال کے متعدد جوابات سامنے آئیں تو ان میں سے سب زیادہ درست اور مستند جواب پر مشتمل سیٹ ہی حتمی تصور کیا جائے گا۔

1. تحقیق کا بنیادی مقصد کیا ہوتا ہے؟

(A) معلومات کو دہرانا
(B) نئے علم کی دریافت یا موجود علم کی توثیق
(C) معلومات کو دہرانا
(D) کسی ایک رائے کو ثابت کرنا

2. درج ذیل میں سے کون سا تحقیقی مسئلے کے انتخاب کا اہم معیار ہے؟

(A) موضوع کا غیر واضح ہونا
(B) موضوع کا تحقیقی اہمیت رکھنا
(C) مواد کی مکمل عدم دستیابی
(D) موضوع کا حد سے زیادہ وسیع ہونا

3. لٹریچر ریویو کا سب سے اہم مقصد کیا ہے؟

(A) مقالے کے صفحات بڑھانا
(B) سابقہ تحقیقات کا تنقیدی جائزہ لینا
(C) موضوع کی کتابیات جمع کرنا
(D) محقق کی ذاتی رائے دینا

4. اگر کوئی محقق مشاہدہ، سوالنامہ اور انٹرویو کے ذریعے مواد جمع کرے تو اس کا تعلق زیادہ تر کس تحقیق سے ہو گا؟

(A) تاریخی
(B) تجربی
(C) فلسفیانہ
(D) تدوینی

5. مفروضہ کی بہترین تعریف کیا ہے؟

(A) ثابت شدہ نتیجہ
(B) ابتدائی خیال جسے تحقیق میں جانچا جاتا ہے
(C) تحقیق کا آخری باب
(D) ایک بنیادی حوالہ

6. فٹ نوٹس کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(A) متن کو مضبوط بنانا
(B) حوالہ یا وضاحت فراہم کرنا
(C) جدول بنانا
(D) اشاریہ تیار کرنا

7. کتابیات اور حوالے میں بنیادی فرق کیا ہے؟

(A) دونوں بالکل ایک ہی چیز ہیں
(B) کتابیات میں صرف غیر مطبوعہ مواد ہوتا ہے
(C) والوں میں صرف وہ ماخذات ہوتے ہیں جو متن میں استعمال ہوئے ہوں
(D) کتابیات میں صرف لغات شامل ہوتی ہیں

8. کمیتی تحقیق میں کس چیز پر زیادہ زور ہوتا ہے؟

(A) جذباتی تاثرات
(B) عددی اعداد و شمار
(C) اسلوبیاتی تنقید
(D) بیانیہ اظہار

9. کیفیتی تحقیق کی ایک نمایاں خصوصیت کیا ہے

(A) اعداد و شمار پر زور
(B) معنی، رجحانات اور رویوں کا مطالعہ
(C) صرف تجربہ گاہ کا کام
(D) صرف گراف سازی

10. علمی سرقہ سے کیا مراد ہے؟

(A) حوالہ دینا
(B) کسی کے کام کو اپنے نام سے پیش کرنا
(C) اقتباس کو کوٹیشن میں لانا
(D) خلاصہ نویسی کرنا

**CODE-47**

11. فہرست I اور فہرست II میں صحیح جوڑے ملائیے:

| فہرست I | | فہرست II | |
|---|---|---|---|
| a. | Hypothesis | i. | اشاریہ |
| b. | Index | ii. | مفروضہ |
| c. | Abstract | iii. | خلاصہ |
| d. | Bibliography | iv. | کتابیات |

(A) a–ii, b–i, c–iii, d–iv
(B) a–i, b–ii, c–iv, d–iii
(C) a–iii, b–iv, c–ii, d–i
(D) a–ii, b–iii, c–i, d–iv

12. درج ذیل کو درست طور پر ملائیے:

| فہرست I | | فہرست II | |
|---|---|---|---|
| a. | Questionnaire | i. | معروضیت |
| b. | Objectivity | ii. | سوالنامہ |
| c. | Variable | iii. | متغیر |
| d. | Citation | iv. | حوالہ |

(A) a–ii, b–i, c–iii, d–iv
(B) a–i, b–ii, c–iv, d–iii
(C) a–iii, b–iv, c–i, d–ii
(D) a–iv, b–iii, c–ii, d–i

13. ایک اچھے تحقیقی عنوان کی خصوصیات کون سی ہیں؟

(1) جامع مگر واضح ہو
(2) بہت مبہم ہو
(3) قابلِ تحقیق ہو
(4) موضوع سے متعلق ہو

(A) 1, 3, 4
(B) 1, 2, 4
(C) 2, 3, 4
(D) 1, 2, 3

CODE-47

14. تحقیقی عمل میں درج ذیل میں سے کن چیزوں کی اہمیت ہے ؟

(1) مسئلے کی تعیین
(2) مناسب طریقۂ کار
(3) حوالہ جاتی دیانت
(4) مختلف النوع معلومات کا ذخیرہ

(A) 1, 2, 3
(B) 1, 3, 4
(C) 2, 3, 4
(D) صرف 4

15. دعویٰ (A) : تحقیق میں معروضیت ضروری ہے۔
توجیہہ (R) : معروضیت محقق کے ذاتی تعصبات کو کم کرنے میں مدد دیتی ہے۔

(A) دونوں درست ہیں اور R ، A کی صحیح توجہ ہے
(B) دونوں درست ہیں مگر R ، A کی صحیح توجہ نہیں
(C) A درست، R غلط
(D) A غلط، R درست

16. دعویٰ (A) : کمیتی تحقیق میں اعداد و شمار اہم ہوتے ہیں۔
توجیہہ (R) : اس نوع کی تحقیق میں نتائج کو عددی شکل میں ظاہر کیا جاسکتا ہے۔

(A) دونوں درست ہیں اور R ، A کی صحیح توجہ ہے
(B) دونوں درست ہیں مگر R ، A کی صحیح توجہ نہیں ہے
(C) A درست، R غلط
(D) A غلط، R درست

17. دعویٰ (A) : لٹریچر ریویو محقق کو موضوع کی سابقہ صورت حال سے آگاہ کرتا ہے۔
توجیہہ (R) : اس سے تحقیق کی نئی جہتیں متعین کرنے میں مدد ملتی ہے۔

(A) دونوں درست ہیں اور R ، A کی صحیح توجہ ہے
(B) دونوں درست ہیں مگر R ، A کی صحیح توجہ نہیں ہے
(C) A درست، R غلط
(D) A غلط، R درست

CODE-47

18. بیان: ہر تحقیقی مقالے میں حوالہ دینا ضروری ہے۔
دلائل: 1. اس سے علمی دیانت قائم رہتی ہے۔
2. اس سے سرقے سے بچا جا سکتا ہے ۔

(A) صرف 1 درست
(B) صرف 2 درست
(C) دونوں درست
(D) دونوں غلط

19. بیان : تحقیقی موضوع بہت زیادہ وسیع نہیں ہونا چاہیے۔
دلائل : 1. اس سے تحقیق منتشر ہو سکتی ہے۔ 2. اس سے مواد کی تنظیم مشکل ہو جاتی ہے

(A) صرف 1 درست
(B) صرف 2 درست
(C) دونوں درست
(D) دونوں غلط

20. تحقیقی عمل کے مراحل کی درست ترتیب کیا ہے؟

(1) موضوع کا انتخاب
(2) مسئلے کی تعیین
(3) مواد کا جائزہ
(4) تجزیہ و نتائج

(A) 1, 2, 3, 4
(B) 2, 1, 3, 4
(C) 1, 3, 2, 4
(D) 3, 1, 2, 4

21. تحقیقی رپورٹ کے اجزا کی موزوں ترتیب کیا ہے؟

(1) تمہید
(2) طریقۂ کار
(3) تجزیہ
(4) نتیجہ

(A) 1, 2, 3, 4
(B) 2, 1, 4, 3
(C) 1, 3, 2, 4
(D) 4, 3, 2, 1

CODE-47

22. اگر کوئی محقق "اردو تراجم میں اصطلاحی مسائل" پر کام کرنا چاہتا ہو تو ابتدائی طور پر بہترین قدم کیا ہو گا؟

(A) نتیجہ لکھنا
(B) سابقہ تحقیقات اور متعلقہ مواد کا جائزہ لینا
(C) عنوان بدل دینا
(D) انٹرنیٹ سے مضامین کا مطالعہ کرنا

23. "Sample" سے کیا مراد ہے؟

(A) پوری آبادی
(B) آبادی کا نمائندہ حصہ
(C) جدول
(D) حوالہ

24. کس صورت میں کمیتی (Quantitative) طریقۂ کار زیادہ موزوں ہو گا؟

(A) جب اعداد و شمار کی شرح معلوم کرنی ہو
(B) جب رویوں، تصورات اور تجربات کا مطالعہ کرنا ہو
(C) جب صرف چارٹ بنانا ہو
(D) جب صرف فیصد معلوم کرنا ہو

25. ایک بہترین تحقیقی سوال کی خصوصیت کیا ہے؟

(A) وہ مبہم ہو
(B) وہ بہت طویل ہو
(C) وہ واضح، مرکوز اور قابلِ تحقیق ہو
(D) وہ صرف جذباتی ہو

## Section 2
## Translation Studies

26. "Translation Studies" کی اصطلاح پیش کرنے والے اسکالر کون ہیں؟

(A) یوجین نائیڈا
(B) جیمز ہومز
(C) پیٹر نیومارک
(D) رومن جیکب سن

27. ادبی ترجمے میں سب سے زیادہ کس پہلو کو ملحوظ رکھا جاتا ہے؟

(A) صرف لفظی مطابقت
(B) اسلوب، تاثر اور محاورہ
(C) صرف اصطلاحات
(D) صرف قواعد

28. ہندوستان میں مشینی ترجمہ کے اداروں اور پروجیکٹس کی حکومتی سرپرستی کون سا ادارہ کرتا ہے؟

(A) IIIT حیدرآباد
(B) C-DAC پونے
(C) TDIL دہلی
(D) NCPUL دہلی

29. سائنسی ترجمے میں کون سی چیز سب سے زیادہ اہم ہے؟

(A) صنائع بدائع
(B) معلومات کی درستگی
(C) مترجم کی شخصیت
(D) طوالت

30. Pragmatics میں بنیادی اہمیت کس چیز کو دی جاتی ہے؟

(A) سیاق
(B) صرف
(C) آواز
(D) علامت

31. Equivalence کا تصور زیادہ تر کس نظریاتی تناظر میں زیرِ بحث آتا ہے؟

(A) لسانیاتی نظریہ
(B) نوآبادیاتی نظریہ
(C) نسائی نظریہ
(D) عمرانی نظریہ

32. ''اردو ترجمہ کی روایت: 1700 تا حال'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) جمیل جالبی
(B) مرزا حامد بیگ
(C) خلیق انجم
(D) شان الحق حقی

CODE-47

33. مشینی ترجمے کا ابتدائی عوامی مظاہرہ 1954ء میں کس ادارے کے اشتراک سے ہوا؟

(A) IBM اور جارج ٹاون یونیورسٹی

(B) گوگل اور آکسفورڈ

(C) C-DAC اور CIIL

(D) مائیکروسافٹ اور ہارورڈ یونیورسٹی

34. CAT کا مکمل نام کیا ہے؟

(A) Computer Auto Translation

(B) Controlled Auto Translation

(C) Comparative Assembled Technique

(D) Computer Assisted Translation

35. ایک ہی اصل تصنیف کے مختلف تراجم کے لیے کون سی اصطلاح موزوں ہے؟

(A) خود ترجمہ

(B) ہم ترجمہ

(C) بین السطور ترجمہ

(D) توضیحی ترجمہ

36. فہرست I اور II کو ملائیے۔

| فہرست I | | فہرست II | |
|---|---|---|---|
| a. | Semantic Analyser | i. | صرفی تجزیہ کار |
| b. | Pruner | ii. | نحوی تجزیہ کار |
| c. | Morphological Analyser | iii. | معنیاتی تجزیہ کار |
| d. | Syntactic Analyser | iv. | تراشندہ |

(A) a-ii, b-i, c-iii, d-iv

(B) a-i, b-ii, c-iv, d-iii

(C) a-iii, b-iv, c-i, d-ii

(D) a-ii, b-iii, c-i, d-iv

CODE-47

37. درج ذیل کو درست طور پر ملایئے:

| فہرست I | | فہرست II | |
|---|---|---|---|
| a. | شاہ ولی اللہ | i. | بائبل کا لاطینی ترجمہ |
| b. | سینٹ جیروم | ii. | فارسی میں نظریاتِ ترجمہ |
| c. | خلافت عباسیہ | iii. | ترجمہ فن وروایت |
| d. | قمر رئیس | iv. | بیت الحکمہ |

(A) a–ii, b–i, c–iv, d–iii
(B) a–i, b–ii, c–iv, d–iii
(C) a–iii, b–iv, c–i, d–ii
(D) a–iv, b–iii, c–ii, d–i

38. ایک کامیاب مترجم کے لیے کون سی صلاحیتیں اہم ہیں؟

(1) اصل زبان کا علم
(2) ہدفی زبان پر عبور
(3) موضوعی علم
(4) سیاق وثقافت کی آگہی

(A) 1, 2, 3, 4
(B) 1, 2, 4
(C) 2, 3, 4
(D) 1, 3, 4

39. انسانی تاریخ میں ترجمہ کن بڑے مقاصد کے لیے استعمال ہوتا رہا ہے؟

(1) علمی تبادلہ
(2) تہذیبی رابطہ
(3) مذہب کی تبلیغ
(4) صرف تفریح

(A) 1, 2, 3
(B) 1, 3, 4
(C) 2, 3, 4
(D) صرف 4

40. دعویٰ (A) : ادبی ترجمے میں بامحاورہ انداز زیادہ موزوں ہوتا ہے۔
توجیہہ (R): ادبی متن میں تاثر، فضا اور اسلوب بھی معنی کا حصہ ہوتے ہیں۔

(A) دونوں درست ہیں اور R ، A کی صحیح توجیہ ہے
(B) دونوں درست ہیں مگر R ، A کی صحیح توجیہ نہیں
(C) A درست، R غلط
(D) A غلط، R درست

41. دعویٰ (A) : قانونی متن کے ترجمے میں آزاد ترجمہ زیادہ بہتر ہوتا ہے۔
توجیہہ (R): قانونی متن میں لفظی صحت اور اصطلاح کی درستی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔

(A) دونوں درست ہیں اور R ، A کی صحیح توجیہ ہے
(B) A درست، R غلط
(C) A غلط، R درست
(D) دونوں غلط

42. دعویٰ (A) : مشینی ترجمہ چھوٹے اور محدود نظاموں میں نسبتاً بہتر نتائج دیتا ہے۔
توجیہہ (R): محدود domain میں لسانی اور اصطلاحی امکانات نسبتاً قابو میں ہوتے ہیں۔

(A) دونوں درست ہیں اور R ، A کی صحیح توجیہ ہے
(B) دونوں درست ہیں مگر R ، A کی صحیح توجیہ نہیں
(C) A درست، R غلط
(D) A غلط، R درست

43. بیان: سائنسی ترجمے میں اصطلاحات کی صحت لازمی ہے۔

دلائل :1. غلط اصطلاح مفہوم کو بدل سکتی ہے۔

2. سائنسی متن میں اسلوب ہمیشہ معلومات سے زیادہ اہم ہوتا ہے۔

(A) صرف 1 درست
(B) صرف 2 درست
(C) دونوں درست
(D) دونوں غلط

44. بیان: مترجم کو صرف دو زبانیں جاننا کافی نہیں۔

دلائل:1. موضوع کا علم بھی ضروری ہے۔

2. ثقافتی امتیازات و اختلافات کا شعور بھی اہم ہے۔

(A) صرف1درست
(B) صرف2درست
(C) دونوں درست
(D) دونوں غلط

45. ترجمے کے عمل کی موزوں ترتیب متعین کیجیے:

(1) اصل متن کا فہم
(2) اصطلاحات اور سیاق کی تعیین
(3) ابتدائی مسودۂ ترجمہ
(4) نظرِ ثانی و تدوین

(A) 1, 2, 3, 4
(B) 2, 1, 3, 4
(C) 1, 3, 2, 4
(D) 4, 3, 2, 1

46. درج ذیل میں تاریخی ترتیب قائم کیجیے:

(1) فورٹ ولیم کالج
(2) دہلی کالج کی ترجمہ سرگرمیاں
(3) جامعہ عثمانیہ
(4) مشینی ترجمہ کا مظاہرہ

(A) 1, 2, 3, 4
(B) 2, 1, 3, 4
(C) 1, 3, 2, 4
(D) 3, 2, 1, 4

CODE-47

47. اگر مترجم کو کسی شعری متن کا ترجمہ کرنا ہو تو سب سے بڑا مسئلہ عموماً کیا ہو گا؟

(A) صرف املا
(B) ہیئت، آہنگ اور تاثر کی حفاظت
(C) صرف او قاف
(D) صرف حوالہ

48. کسی قانونی دستاویز کو محاوراتی بنا کر ترجمہ کیا جائے تو سب سے بڑا خطرہ کیا ہو گا؟

(A) متن خوبصورت ہو جائے گا
(B) قانونی مفہوم میں تبدیلی آسکتی ہے
(C) عبارت مختصر ہو جائے گی
(D) کوئی فرق نہیں پڑے گا

49. CAT Tools کا بنیادی فائدہ کیا ہے؟

(A) وہ مترجم کی جگہ مکمل طور پر لے لیتے ہیں
(B) ترجمے کے عمل میں معاونت، تسلسل اور رفتار میں مدد دیتے ہیں
(C) وہ صرف ادبی ترجمے کے لیے ہوتے ہیں
(D) وہ صرف لغات کی جگہ لیتے ہیں

50. ترجمے میں مداخلت سے کیا مراد ہے؟

(A) صرف لفظ بہ لفظ منتقلی
(B) ہدفی زبان اور قاری کی ضرورت کے مطابق حذف، اضافہ یا تبدیلی
(C) اصل متن سے بے تعلق تحریر
(D) صرف مشینی تدوین

**CODE-47**

## Part B (Descriptive Questions)

**Answer all the four questions** **20Marks**

### Research Methodology

1. تحقیق کے بنیادی اصول بیان کرتے ہوئے معروضیت کی اہمیت کو واضح کیجیے۔
2. تحقیقی عمل کے مختلف مراحل پر روشنی ڈالتے ہوئے اس میں لٹریچر ریویو کا کردار واضح کیجیے۔

### Translation Studies

3. ترجمے کی تعریف، اہمیت اور تاریخی پس منظر پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے، علمی، تہذیبی اور مذہبی میدانوں میں ترجمے کے کردار کو واضح کیجیے۔
4. ادبی، علمی اور قانونی ترجمے کے اصول و مسائل کا تقابلی جائزہ لیجیے۔ اس ضمن میں مماثلت، سیاق و سباق، اصطلاحات کی صحت، اور Intervention جیسے تصورات کی وضاحت بھی کیجیے۔

****